SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
September19, 2018
***For immediate release***

# ایس ای سی پی کا غیر منافع بخش اداروں کے لئے اینٹی منی لانڈرنگ کے ریگولیٹری فریم ورک پر سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد (ستمبر 19) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے غیر منافع بخش اداروں کو ایس ای سی پی کے منی لانڈرنگ کے انسداد اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لئے ریگولیٹری فریم ورک پر آگہی دینے کے لئے لاہور اور پشاور میں سیمینار منعقد کئے گئے۔ پشاور میں سمینار پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جبکہ لاہور میں انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ اسی سلسلے میں ایک سیمینار اسلام آباد میں بھی منعقد کیا جا چکا ہے۔

ایس ای سی پی نے حال ہی میں غیر منافع بخش اداروں کے لئے اینٹی منی لانڈرنگ اور کاؤنٹر فنانشل ٹیرارزم گائیڈ لائنز جاری کی ہیں جن میں ان اقدامات سے متعلق رہنمائی فراہم کی گئی ہے جو کہ منی لانڈرنگ کی اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لئے غیر منافع بخش اداروں (این پی اوز) کو قانون کے تحت اٹھانے ہیں۔

ایس ای سی پی حکام نے شرکاء کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت تشکیل دئے گئے غیر منافع بخش اداروں پر لاگو ہونے والے انضباطی فریم ورک سے آگاہ کیا اور غیر منافع بخش تنظیموں کے لئے منی لانڈرنگ / دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کی بابت کئے گئے انضباطی اقدامات پر روشنی ڈالی۔ مزید برآں شرکاء کو بتایا گیا کہ غیر منافع بخش اداروں کے لئے جاری کی گئی گائیڈ لائنز کے ذریعے منی لانڈرنگ کے انسداد اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کی سفارشات بھی ان اداروں سے وابستہ افراد کی راہنمائی کریں گی۔

ان گائیڈ لائنز میں غیر منافع بخش تنظیموں کے لئے خطرات کے اسباب، دہشت گردی کی مالی معاونت کے طریقِ کار، خطرے کی علامتوں وغیرہ نشاندہی کی گئی ہے۔ حکام نے شرکا کو بتایا کہ ایس ای سی پی نے کوشش کی ہے کہ غیر منافع بخش تنظیمیں ضروری کارروئیاں اور اقدامات خود سے اٹھائیں۔ انہوں نے اس ضمن میں نیکٹا کے کردار کو بھی سراہا۔ سیمینارز میں صحت، تعلیم، معاشرتی اصلاح کے شعبوں میں کام کرنے والے غیر منافع بخش اداروں، این جی اوز کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی اور دلچسپی کا اظہار کیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005